پاکستان شاہینز ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فائنل میں پہنچ گئی۔

- پاپوانیو گنی کو 8 وکٹوں سے شکست۔ علی اسفند کی چار وکٹیں، شاویز کی نصف سنچری۔

ڈارون (آسٹریلیا) 4 اگست، 2023:

پاکستان شاہینز ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فائنل میں پہنچ گئی۔ جمعہ کو کھیلے گئے میچ میں اس نے پاپوانیو گنی کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی۔

میچ کی خاص بات لیفٹ آرم اسپنر علی اسفند کی 4 وکٹیں اور شاویز عرفان کی نصف سنچری تھی۔

پاکستان شاہینز کی پانچ میچوں میں یہ لگاتار چوتھی کامیابی ہے۔

اس سے قبل اس نے اے سی ٹی کامیٹس کو 9 وکٹوں سے میلبرن رینی گیڈز کو 8 رنز سے اور میلبرن اسٹارز کو 43 رنز سے ہرایا تھا جبکہ این ٹی اسٹرائیک کے خلاف اسے 59 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

پاپوانیو گنی نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 120 رنز بنائے۔

پاکستان شاہینز نے 13 ویں اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔

پاپوانیوگنی کے بیٹرز مکمل طور پر پاکستانی بولرز کے رحم وکرم پر رہے۔

سیزے باؤ 32 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے ان کی اننگز میں تین چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ نارمن ونو آنے تین چوکوں کی مدد سے 25 رنز اسکور کیے۔

علی اسفند نے صرف 11 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ عالیان محمود اور عرفات منہاس نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان شاہینز کو پہلے ہی اوور میں شامل حسین کا نقصان برداشت کرنا پڑا لیکن اس کے بعد شاویز عرفان نے جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 29 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کرڈالی جس میں 9 چوکے شامل تھے۔

شاویز عرفان 32 گیندوں پر 54 رنز اسکور کرکے آؤٹ ہوگئے ان کی اننگز میں 10 چوکے شامل تھے۔

پاکستان شاہینز کے 100 رنز گیارہویں اوور میں مکمل ہوئے۔

کپتان روحیل نذیر 33 ناٹ آؤٹ اور آزان اویس 26 رنز ناٹ آؤٹ کی موجودگی میں پاکستان شاہینز کو منزل تک پہنچنے میں کوئی دشواری نہیں ہوئی۔ ان دونوں نے تیسری وکٹ کی ناقابل شکست شراکت میں 51 رنز کا اضافہ کیا۔

مختصر اسکور۔

پاپوانیوگنی۔120 رنز8 کھلاڑی آؤٹ(20اوورز)۔سیزے باؤ32۔نارمن وانوآ25۔علی اسفند 11/4وکٹ۔عالیان محمود21/2وکٹ۔عرفات منہاس24/2وکٹ۔

پاکستان شاہینز۔121 رنز2کھلاڑی آؤٹ(12اعشاریہ5اوورز)شاویز عرفان54۔روحیل نذیر32ناٹ آؤٹ۔آزان اویس26ناٹ آؤٹ۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk